انڈیا
INS
INDIA
WORLD'S NO-1-URDU NEWS AGENCY

سیکرٹری خارجہ کا بیجنگ اور ماسکو کا دورہ

11اپریل،2014

خارجہ سکریٹری محترمہ سجاتا سنگھ 13 سے 17اپریل،2014 تک بیجنگ اور ماسکو کے دورے پر ہوں گی۔

سیکرٹری خارجہ 13 تا14اپریل ،2014 کو بیجنگ میں ہوں گی جہاں وہ اپنے ہم منصب نائب وزیر خارجہ لی جھینمن کے ساتھ چھٹے ہند-چین اسٹریٹیجک مذاکرات کی مشترکہ صدارت کریں گی۔ دونوں فریق دوطرفہ تعلقات کے مکمل طول وعرض کا جائزہ لیں گے جس میں ہند-چین دوستانہ تبادلہ کے اس سال کے دوسرے نصف حصہ میں قیادت کی سطح کے دوروں کے لئے منصوبے شامل ہیں۔ وہ چین کے وزیر خارجہ وانگ یی سے بھی ملاقات کریں گی۔

ماسکو میں 16 تا17اپریل ،2014 کو وہ روس کے اپنے ہم منصب اولین نائب وزیر خارجہ ولادیمیر ٹیٹوو اور نائب وزیر خارجہ اگور مورگلوو کے ساتھ سالانہ دفتر خارجہ مشاورت کا اہتمام کریں گی۔ دونوں فریق مسلسل طور پر جاری تعاون کا جائزہ لیں گے اور اس سال کے دوسرے نصف حصہ کے لئے مقرر سالانہ اجلاس کے دوران اعلی سطحی دوطرفہ تبادلے کے پروگرام کا جائزہ لیں گے۔

ان دوروں کے ذریعے سیکرٹری خارجہ اس بات کو یقینی بنائیں گی کہ چین اور روس کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کی رفتار بنی رہے۔

نئی دہلی

11اپریل،2014

I-91, Lubna House, Batla House, Jamia Nagar New Delhi-110025, Ph:26982149,26985681